کے۔الیکٹرک ہارون آباد، لیاقت آباد، گھارو، کے سی آر، ہاسپٹل اور لیاری گرڈز کی مینٹیننس منگل کو کرے گا

کراچی: بروزمنگل 14 فروری 2023 کو ہارون آباد (لیاقت آباد) سرکٹ، ہارون آباد (نارتھ ناظم آباد) سرکٹ، لیاقت آباد /عزیز آباد سرکٹ، کے ڈی اے (ایس این پی سی) سرکٹ1، گل احمد/ائیرپورٹ 1 سرکٹ 2، گھارو گرڈ، کے سی آر گرڈ، ہاسپٹل گرڈ اور لیاری گرڈ پرکے۔ الیکٹرک کی جانب سے ضروری مینٹیننس کی جائے گی، جس کے سبب ہارون آباد گرڈ (لیاقت آباد اور نارتھ ناظم آباد سرکٹ) میں 14 فروری کی رات 10 بجے سے 15 فروری کی صبح 7 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ لیاقت آباد /عزیز آباد سرکٹ پر صبح 10 سے شام 4 بجے، کے ڈی اے (ایس این پی سی) سرکٹ 1 پر صبح 9 سے شام 5 بجے، گل احمد /ائیرپورٹ 1 سرکٹ 2 پر صبح 8 سے شام 6 بجے، گھارو گرڈ پر 14 فروری کی صبح 8 سے 15 فروری کی دوپہر 12 بجے، کے سی آر گرڈ پر 14 فروری کی صبح 8 سے 15 فروری کو رات 1 بجے، پاسپٹل گرڈ پر صبح 9 سے شام 5 بجے اور لیاری گرڈ پر صبح 10 سے شام 4 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔

تمام صارفین جو 8119 پر رجسٹرڈ ہیں، ان کو اس مینٹیننس شٹ ڈاؤن کی پیشگی اطلاع بذریعہ ایس ایم دی جا چکی ہے۔

مزید معلومات کے لیے صارفین 118 یا کے۔ الیکٹرک کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

لیاری گرڈ سے منسلک جن علاقوں کی بجلی منقطع کی جاسکتی ہے ان میں پرانا دھوبی گھاٹ، ڈی ڈی چودھری روڈ، غوثیہ روڈ، سلیمان آزاد روڈ، حنفیہ مسجد روڈ، مرزا آدم خان روڈ، غلامانِ عباس اسکول، آگرہ تاج اسٹریٹ نمبر 9 سے 25، سلیمان آزاد روڈ، ریکسر لین، جمن شاہ پلاٹ، نیو کنبھرواڑہ، بکرا پیری، کالاکوٹ، شاہ عبداللطیف بھٹائی روڈ، ہنگور آباد، جمعہ بلوچ روڈ، مرزا آدم خان روڈ، بہار کالونی، لیاری جنرل ہسپتال، بھٹو لاء یونیورسٹی، آتما رام روڈ، علی محمد محلہ، پیپلز پلے گراؤنڈ اور ملحقہ علاقہ، گڈ لک سینٹر بالمقابل سائٹ فٹ بال اسٹیڈیم، ٹوٹل پٹرول پمپ، اولڈ ٹرک اسٹینڈ، احمد شاہ بخاری روڈ، کوثر مسجد ایریا اور ماڑی پور روڈ شامل ہیں۔

کے الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے، جس کا قیام پاکستان بننے سے قبل 1913 میں کے ای ایس سی کے طور پر عمل میں آیا۔ 2005 میں کمپنی کی نجکاری کی گئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں اور کے ای ایس پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔